إِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ مَنْ أَحْسَنَ عَمَلًا

لمنۃ اللہ کہ نسخہ لاجواب وصحیفۂ انتخاب جامع مسائل

حرام وحلال حاوئ وظائف و اعمال مطلوب مومنین کرام یعنی

تحفۃ العوام

حسب فتاویٰ سرکار شریعت مدار سید العلماء الاعلام سند الفقہاء العظام

مجتہد العصر جناب مولانا و مقتدانا مفتی سید احمد علی صاحب قبلہ دام ظلہ

العالی ابن حضرت حجۃ الاسلام آیۃ اللہ فی الانام مجتہد العصر والزمان

جناب مفتی سید محمد عباس صاحب قبلہ اعلیٰ مقامہ

حسب فرمائش

ملک سراج الدین اینڈ سنز و پبلشرز کشمیری بازار لاہور پاکستان

پس دو رکعت نماز زیارت پڑھیں۔ اور زاد المعاد میں لکھا ہے کہ نماز کے بعد احتیاطاً
دوبارہ یہی زیارت پڑھیں تو بہتر ہے اس کے بعد سو مرتبہ کہیں۔

اَللّٰهُمَّ الْعَنْ اَوَّلَ ظَالِمٍ ظَلَمَ حَقَّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاٰخِرَ تَابِعٍ لَّهٗ عَلٰى
اے اللہ لعنت کر پہلے ظالم پر جس نے محمد و آل محمد کا حق غصب کیا اور اس کے دوسرے پیرو پر جس نے
ذٰلِكَ. اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الْعِصَابَةَ الَّتِيْ جَاهَدَتِ الْحُسَيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ
اس کی پیروی کی۔ اے اللہ اس جماعت پر لعنت کر جس نے حسین صلوات اللہ علیہ سے جنگ کی اور ان کے
وَشَايَعَتْ وَبَايَعَتْ وَتَابَعَتْ عَلٰى قَتْلِهٖ. اَللّٰهُمَّ الْعَنْهُمْ جَمِيْعًا.
قتل کے لئے ساتھ دیا اور بیعت کی تابعیت کی۔ اے اللہ ان سب پر لعنت کر۔

پھر دو رکعت نماز پڑھ کر سو مرتبہ کہیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَعَلَى الْاَرْوَاحِ الَّتِيْ حَلَّتْ بِفِنَائِكَ وَ
سلام آپ پر اے ابا عبد اللہ اور ان روحوں پر جو آپ کے صحن میں آ اتریں اور
اَنَاخَتْ بِرَحْلِكَ. عَلَيْكَ مِنِّيْ سَلَامُ اللّٰهِ اَبَدًا مَا بَقِيْتُ وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَ
آپ کی منزل پر اقامت گزیں ہوئیں آپ پر میری طرف سے ابد تک اللہ کا سلام، جب تک میں باقی ہوں اور رات
النَّهَارُ. وَلَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنِّيْ لِزِيَارَتِكَ. اَلسَّلَامُ عَلَى الْحُسَيْنِ وَ
اور دن باقی ہیں۔ اور آپ کی زیارت کے لئے اللہ اسے آخری عہد نہ بنائے۔ سلام حسین پر اور علی ابن الحسین پر اور
عَلٰى عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ وَعَلٰى اَوْلَادِ الْحُسَيْنِ وَعَلٰى اَصْحَابِ الْحُسَيْنِ.
اولاد حسین پر اور اصحاب حسین پر

پھر دو رکعت نماز پڑھیں اور کہیں۔

اَللّٰهُمَّ خُصَّ اَنْتَ اَوَّلَ ظَالِمٍ بِاللَّعْنِ مِنِّيْ وَابْدَاْ بِهٖ اَوَّلًا ثُمَّ الثَّانِيَ ثُمَّ
اے اللہ تو پہلے ظالم کو میری طرف سے خصوصی لعنت کر اور شروع میں پہلے پر لعنت کر پھر دوسرے کو پھر